

وَقُوْلُوْا لِلنَّاسِ حُسْنًا

اور لوگوں سے نیک بات کہا کرو

البقرہ 84

# Newsletter

August 2023

Lajna Ima'illah Finland

# القرآن

وَاِذۡ اَخَذۡنَا مِيۡثَاقَ بَنِىۡۤ اِسۡرَآءِيۡلَ لَا تَعۡبُدُوۡنَ اِلَّا اللّٰهَ وَبِالۡوَالِدَيۡنِ اِحۡسَانًا وَّذِى الۡقُرۡبٰى
وَالۡيَتٰمٰى وَالۡمَسٰكِيۡنِ وَقُوۡلُوۡا لِلنَّاسِ حُسۡنًا وَّاَقِيۡمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّکٰوةَ ؕ ثُمَّ تَوَلَّيۡتُمۡ اِلَّا
قَلِيۡلًا مِّنۡكُمۡ وَاَنۡتُمۡ مُّعۡرِضُوۡنَ ﴿۸۴﴾

اور جب ہم نے بنی اسرائیل کا میثاق (اُن سے) لیا کہ اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہیں کرو گے اور والدین سے احسان کا سلوک کرو گے اور قریبی رشتہ داروں سے اور یتیموں سے اور مسکینوں سے بھی۔ اور لوگوں سے نیک بات کہا کرو اور نماز کو قائم کرو اور زکوٰۃ ادا کرو۔ اس کے باوجود تم میں سے چند کے سوا تم سب (اس عہد سے) پھر گئے۔ اور تم اِعراض کرنے والے تھے۔

And remember the time when We took a covenant from the children of Israel: 'You shall worship nothing but Allah and show kindness to parents and to kindred and orphans and the poor, and speak to men kindly and observe Prayer, and pay the Zakat;' then you turned away in aversion, except a few of you.

(Al-Baqarah Verse 84)

# ارشادِ نبوی ﷺ

عَنْ جَرِيرِ بْنِ عَبدِ اللهِ الْبَجَلِيّ، قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ


مَنْ يُحْرَمِ الرِّفْقَ يُحْرَمِ الْخَيْرَ

حضرت جریرؓ سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم فرمایا: جس سے
رفق چھین لیا جاتا ہے وہ خیر سے محروم ہو جاتا ہے

Hazrat Jarirra narrates that the Holy Prophet, peace and blessings of Allah be upon him, said: "Whoever is deprived of kindness, he is deprived of goodness."

(Sahih Muslim, Kitab al-Birr wa-s-silah wa-ladab, Hadith 2592)

# ارشاد حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز



حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں: ''دنیا میں بہت سی باتیں بہت سے لوگ لغو اور بلاوجہ کرتے ہیں۔ بعض لوگ مذاق میں کسی کو کوئی لغو بات کہہ دیتے ہیں جس سے جھگڑے اور مسائل پیدا ہوتے ہیں۔ بعض دفعہ ایسی باتیں مجلسوں میں کی جاتی ہیں جو بے فائدہ ہوتی ہیں۔ بات برائے بات صرف کی جاتی ہے اور بعض دفعہ ایسی طنزیہ باتیں بھی ہو جاتی ہیں جس سے دوسرے کو تکلیف بھی پہنچتی ہے یا ایسی بے فائدہ باتیں ہوتی ہیں جو کسی کو بھی فائدہ نہیں پہنچا رہی ہوتیں۔ صرف وقت کا ضیاع ہوتا ہے۔... پس مومن کے لئے یہ شرط ہے کہ اس کی گفتگو ہمیشہ بامقصد ہو اور ہر قسم کی لغویات سے پرہیز ہو۔

(خطبہ جمعہ فرمودہ 26 فروری 2016ء)

# زبان کی حفاظت

اللہ تعالیٰ قرآن پاک میں فرماتا ہے: وَقُوۡلُوۡا لِلنَّاسِ حُسۡنًا (البقرہ:84) اور لوگوں سے نرمی کے ساتھ بات کیا کرو۔

انسانی اعضاء میں زبان کو ایک خاص اہمیت حاصل ہے زبان شخصیت کی آئینہ دار ہوتی ہے۔ نرم اور شائستہ زبان جہاں سب کو اپنا گرویدہ بنا لیتی ہے وہاں سخت اور ترش زبانی آپ کو لوگوں سے دور کر دیتی ہیں۔ اور لوگ آہستہ آہستہ بات کرنے سے کترانے لگتے ہیں۔ مثل مشہور ہے پہلے تولو پھر بولو "یعنی بات کرنے سے پہلے اچھی طرح سوچ سمجھ لو۔
حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بندہ کبھی رضاء الٰہی کی بات منہ سے نکالتا ہے اس کا کچھ خیال نہیں رکھتا تو اللہ اس کے ذریعہ سے کئی درجہ اس کو بلند کر دیتا ہے اور بندہ کبھی اللہ کی ناراضگی کی بات منہ سے نکال بیٹھتا ہے اس کا کچھ خیال نہیں کرتا اس کے ذریعہ جہنم میں جا گرتا ہے۔

(حدیقۃ الصالحین حدیث 877 صفحہ 691)

پس کس قدر خوف کا مقام ہے اور اپنی بول چال میں احتیاط کی ضرورت ہے۔ انسان سارا دن کی مصروفیت میں اکثر ناشکری کے کلمات ادا کر دیتا ہے یا ایسی بات کر دیتا ہے جو کسی کی دل آزاری کا باعث بن جاتی ہے۔ جو اللہ تعالیٰ کی ناراضگی کا موجب بنتی ہے۔ پس ہر وقت استغفار بھی کرتے رہنا چاہیے کہ جانے انجانے میں بھی ہماری زبان نہ صرف کسی کی تکلیف کا باعث نہ بنے بلکہ اپنے رب کریم کی شکر گزاری میں تر رہے۔ یعنی زبان کی پاکیزگی کا حقوق اللہ اور حقوق العباد کی ادائیگی دونوں سے گہرا تعلق ہے۔ حقوق اللہ کی ادائیگی کے حوالے سے حضرت مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں: "ایک اور بات بھی ضروری ہے جو ہماری جماعت کو اختیار کرنی چاہیے اور وہ یہ ہے کہ زبان کو فضول گوئیوں سے پاک رکھا جاوے۔ زبان وجود کی ڈیوڑھی ہے اور زبان کو پاک کرنے سے گویا خدا تعالیٰ وجود کی ڈیوڑھی میں آجاتا ہے۔ جب خدا تعالیٰ ڈیوڑھی میں آگیا تو پھر اندر آنا کیا تعجب ہے؟"

(ملفوظات جلد 2 صفحہ 182 ایڈیشن 1988ء)

ہمارے پیارے امام حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ اس کی تشریح کرتے ہوئے فرماتے ہیں: ''یعنی ہمارے جسم کا اندر داخل ہونے کا جو دروازہ ہے، جو مین گیٹ (Main Gate) ہے، راستہ ہے، وہ زبان ہے، اگر یہ لغو اور فضول باتوں سے پاک ہے تو سمجھو کہ تمہارے وجود میں داخل ہونے کا راستہ صاف اور پاک ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کیونکہ خوبصورت، پاک اور صاف چیزوں کو پسند کرتا ہے تو اس طرح تمہاری پاک زبان کی وجہ سے خدا تعالیٰ بھی تمہارے قریب آجائے گا۔ تو جب تمہاری پاک زبان سے خدا تعالیٰ تمہارے اتنے قریب آ گیا تو پھر عین ممکن ہے کہ تمہارے دوسرے اعمال بھی ایسے ہو جائیں جو اللہ تعالیٰ کی پسند کے اعمال ہوں اور پھر تمہار اسارا وجود خدا تعالیٰ کا پسندیدہ وجود بن جائے۔'

'(خطبہ جمعہ 20 اگست 2004ء)

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں: ''دنیا میں بہت سی باتیں بہت سے لوگ لغو اور بلاوجہ کرتے ہیں۔ بعض لوگ مذاق میں کسی کو کوئی لغو بات کہہ دیتے ہیں جس سے جھگڑے اور مسائل پیدا ہوتے ہیں۔ بعض دفعہ ایسی باتیں مجلسوں میں کی جاتی ہیں جو بے فائدہ ہوتی ہیں۔ بات برائے بات صرف کی جاتی ہے اور بعض دفعہ ایسی طنزیہ باتیں بھی ہو جاتی ہیں جس سے دوسرے کو تکلیف بھی پہنچتی ہے یا ایسی بے فائدہ باتیں ہوتی ہیں جو کسی کو بھی فائدہ نہیں پہنچا رہی ہوتیں۔ صرف وقت کا ضیاع ہوتا ہے۔... پس مومن کے لئے یہ شرط ہے کہ اس کی گفتگو ہمیشہ بامقصد ہو اور ہر قسم کی لغویات سے پرہیز ہو۔''

۔

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں ایسا مومن بننے کی توفیق عطا فرمائے جس کی زبان اور ہاتھ سے ہمیشہ دوسرے مومن محفوظ رہیں اور ہمارا وجود دوسروں کے لیے ہمیشہ سکون و راحت کا موجب بنے۔ آمین ثم آمین

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# رپورٹ ساتواں نیشنل اجتماع

# لجنہ اماء اللہ اور ناصرات الاحمدیہ فن لینڈ 2023

اللہ تعالیٰ کے فضل سے لجنہ اماء اللہ فنلینڈ کو ساتویں سالانہ اجتماع مؤرخہ ۵ اور ۶ اگست ۲۰۲۳ کو منعقد کرنے کی توفیق ملی۔ اجتماع کی تیاری کا آغاز چند ماہ قبل ہی کر دیا گیا تھا۔ لجنہ، ناصرات اور ۷ سال سے کم عمر بچوں کا نصاب نیشنل سیکرٹری تعلیم کنزا محمود صاحبہ اور نیشنل سیکرٹری ناصرات فائزہ منیر صاحبہ نے نیشنل صدر لجنہ اماء اللہ فنلینڈ ریحانہ کوکب صاحبہ کی نگرانی میں تیار کر کے تمام ممبرات کو بھجوانے کے ساتھ ساتھ لجنہ اماء اللہ فن لینڈ کی ویب سائٹ www.lajna.fi پر بھی شائع کر دیا تھا۔

لجنات سے مجالس کی سیکرٹریاتِ تعلیم نے مسلسل رابطے کر کے اجتماع میں شرکت کرنے کی طرف توجہ دلائی۔ ماہانہ اجلاسات میں اجتماع کا نصاب تفصیل سے پیش کیا گیا۔ اسکے علاوہ ہر ہفتے آن لائن کلاس کے ذریعہ لجنہ کو اجتماع کا نصاب پڑھایا گیا۔ لجنات اور ناصرت کو باقاعدگی سے اجتماع کی یاد دہانی کروائی گئی اور جن مقابلہ جات میں انہوں نے حصہ لینا تھا اس میں ان کے نام درج کیے گئے۔ اجتماع سے ہفتہ قبل حصہ لینے والی لجنات کے لیے ایک سپیشل کلاس لگائی گئی، جس میں ان کی غلطیاں درستگی کروائی گئی۔

اجتماع کی تیاری کے لیے مختلف نظامتیں تیار کی گئیں جس میں ضیافت، نظم وضبط، سمعی وبصری، سٹیج ڈیوٹی، وائنڈ اپ، مہمان نوازی اور انعامات کی تیاری شامل تھیں۔ ہر ناظمہ کو دو سے تین معاونات دی گئیں تا کہ بہتر رنگ میں اجتماع کی کاروائی ہو سکے۔ ہر ناظمہ سے باقاعدہ رابطہ رکھا گیا اور ان کو ضرورت پڑنے پر رہنمائی دی گئی۔

لجنہ اور ناصرات کے علمی مقابلہ جات کے لیے ججز کا انتخاب کیا گیا۔ تمام انتظامیہ اور ججز کے ساتھ متعدد میٹنگز کی گئیں جن میں نیشنل صدر صاحبہ کی نگرانی میں، انہیں ان کی ذمہ داریوں سے آگاہ کیا گیا، نیز ان کے سوالات کے جوابات دیے گئے۔

لجنہ کے کل ۱۲ علمی مقابلہ جات تھے جن میں تلاوت، حفظ قران، آیت الکرسی کا مقابلہ، دعائیں، قصیدہ، دینی معلومات، فی البدیہہ تقریر، مضمون نویسی، شرائط بیعت، نظم، بیت بازی، فنش تقریر، صفات باری تعالی اور اردو تقریر شامل کئے گئے۔

ناصرات کے مقابلہ جات میں تلاوت، حفظ قران، دعائیں، حدیث، قصیدہ، دینی معلومات، شرائط بیعت، نظم اور اردو تقریر کے ساتھ ساتھ ناصرات کے لئے کیلیگرافی کا مقابلہ بھی رکھا گیا تھا۔ جس میں ماشاءاللہ سب معیار کی ناصرات نے حصہ لیا۔ سات سال سے کم عمر بچوں کے چار علمی مقابلہ جات، تلاوت، دعائیں، نظم اور دینی معلومات رکھے گئے۔

اجتماع کا آغاز ۵ اگست بروز ہفتہ صبح ۱۰:۳۰ بجے، تلاوت قرآن کریم سے ہوا۔ جس کے بعد لجنہ کا عہد نامہ دہرایا گیا اور نظم پیش کی گئی۔ افتتاحی اجلاس میں نیشنل صدر صاحبہ لجنہ اماء اللہ فن لینڈ محترمہ ریحانہ کوکب صاحبہ نے افتتاحی کلمات سے پہلے اجلاس کا آغاز کیا جس میں لجنہ و ناصرات کے حفظ قران اور تلاوت قران کے مقابلہ جات کروائے گئے۔ دوسرے اجلاس میں چھوٹے بچوں کے سب مقابلہ جات کروائے گئے۔ وقت کی کمی کے باعث لجنہ اور ناصرات کے کچھ مقابلہ جات بیک وقت دوسرے ہال میں بھی کروائے گئے۔ اسی طرح اجتماع کے دوسرے دن لجنہ اور ناصرات کی نظم اور اردو تقاریر سٹیج پر کروائی گئیں، جبکہ باقی مقابلہ جات اسی دوران دوسرے ہال میں کروائے گئے۔

امسال خصوصیت سے ہر مقابلہ کے اختتام پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی سوال و جواب کی ویڈیوز بھی چلائی گئیں تا کہ لجنات پیارے حضور کی اہم نصائح سے فائدہ اٹھا سکیں۔ یہ ویڈیوز متعدد موضوعات

پر مشتمل تھیں جن سے شاملین اجتماع کو بہت فائدہ ہوا اور اس طریق کو بہت سراہا گیا۔


اختتامی اجلاس میں تلاوت اور نظم کے بعد لجنہ اماء اللہ فن لینڈ تنظیم کی تاریخ کے حوالے سے ایک پریزنٹیشن پیش کی گئی جو جنرل سیکرٹری طاہرہ نصر صاحبہ اور نائب جنرل سیکرٹری منزہ ظفر صاحبہ نے پیش کی۔

اللہ کے فضل سے امسال سالانہ اجتماع کے موقع پر نیشنل صدر صاحبہ لجنہ اماء اللہ فن لینڈ محترمہ ریحانہ کوکب صاحبہ نے لجنہ اماء اللہ کے پہلے سالانہ مجلّہ ''مبارکہ'' بھی لجنہ کے سامنے پیش کیا۔ اس مجلّے کے لئے پیارے حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بہت ہی شفقت اور نصائح سے بھرا پیغام لجنہ اماء اللہ فن لینڈ کے لیے بھیجا، جو اس مجلّے کے پہلے شمارے میں شامل کیا گیا۔ نیشنل صدر صاحبہ نے حضور انور کا پیغام تمام لجنات کو پڑھ کر سنایا اور انگریزی میں اس کا ترجمہ بھی پڑھا گیا۔ سب لجنہ اور ناصرات نے ہماری اس سعادت پر بہت ہی خوشی کا اظہار کیا۔ تمام مجالس کی صدرات کو مبارکہ مجلّے کی کاپیاں دی گئیں تا کہ ہر مجلس میں لجنہ اور ناصرات اس میگزین سے مستفید ہو سکیں اور پیارے حضور کا پیغام خود پڑھ سکیں۔

آخر پر مقابلہ جات کے نتائج کا اعلان کیا گیا اور پوزیشن حاصل کرنے والی ممبرات کو انعامات دیے گئے۔ اس کے علاوہ ان لجنات کو سندات دی گئی جنھوں نے سد سالہ لجنہ اماء اللہ جوبلی کے ٹارگٹس مکمل کیے۔ اس میں قران مجید کی آخری ۱۰ یا ۱۵ یا ۲۵ سورتیں زبانی یاد کرنے کا ٹارگٹ شامل ہے۔ اللہ کے فضل سے ۱۵ لجنات نے اس ٹارگٹ کو مکمل کیا۔ گزشتہ سال بھی اجتماع کے موقع پر یہ ٹارگت پیش کیا گیا تھا اور بہت سی لجنات نے گذشتہ سال ہی اس کو مکمل کر لیا تھا۔

اللہ کے فضل و کرم سے سالانہ اجتماع کی کل حاضری ۹۸ رہی جس میں ۵۲ لجنات، ۱۱ ناصرات، ۳۳ بچے اور ۴ مہمان شامل ہیں۔ لجنہ اماء اللہ فن لینڈ کی تمام مجالس سے لجنات نے اس سالانہ اجتماع میں شمولیت اختیار کی۔ اللہ کرے کہ اس اجتماع سے جو بھی ہم نے سیکھا اس پر ہم عمل کرنے والے ہوں۔ آمین


# Nasirat ul Ahmadiyya Finland Calligraphy





Nida ur Rehman




Maria Zimal





Adeela Ahmad





Rageebha Qasim





**Dua Javed**




**Sadia Azka Rehman**





**Aroosha Ghalib**





**Tashifa Sharmeen**




**Shafia Farooq**


VANS






VANS


100 Years of Lajna Imaillah
MARVEL
T-REX






7th National Annual Ijtema 2023
Celebrating


Celebrating
100 Years of Lajna Imaillah

# فنلینڈ میں لجنہ اماء اللہ کی ایک نئ مجالس کا قیام

محض اللہ کے فضل اور حضور اقدس کی دعاوں سے ماہ جولائی 2023 میں لجنہ اماء اللہ فن لینڈ کی ایک نئ مجلس واسا کا قیام عمل میں آیا۔ مکرمہ و محترمہ عنبر صفدر صاحبہ بطور پہلی صدر لجنہ اماء اللہ واسا خدمات سرانجام دیں گی۔ اللہ تعالیٰ ان کے لئے یہ اعزاز مبارک فرمائے اور ان کو اخلاص و وفا میں ترقی دے اور بہترین خدمت دین کی توفیق عطا فرمائے۔ تمام لجنہ سے درخواست ہے کہ ان کے ساتھ بھر پور تعاون کریں۔ جزاکم اللہ احسن الجزاء۔



In the name of Allah the most Gracious the most Merciful

# Report 7th Annual National Ijtema Lajna & Nasirat Finland 2023.

By the grace of Allah, Lajna Imaillah Finland is blessed with the opportunity to hold the 7th Annual National Ijtema on 5th and 6th August 2023. The preparations for the Ijtema had begun a few months prior already. The syllabus of Lajna, Nasirat and young children was prepared and shared with all members three months ago and also published at Lajna Imaillah Finland's website www.lajna.fi.

Members were frequently contacted and drew their attention towards participating in the Ijtema. Detailed syllabus was presented and explained during monthly Ijlasat. Online classes were conducted every week, covering the syllabus of the Ijtema. A special class was held a week before the Ijtema, for the Lajna who were to participate in the competitions, to correct any of their mistakes.

Various administrative departments were established for the preparation of the Ijtema, encompassing hospitality, discipline, audio video, stage duty, wind-ups, serving tea and water during activities, and preparing prizes. Each organiser was assigned two to three assistants to ensure effective execution of the Ijtema activities. Regular contact was maintained with each organiser.

Judges were nominated for the academic competitions of Lajna and Nasirat. Several meetings were conducted with the administration and the judges under the guidance of National President, Rehana Kokab Sahiba, and they were briefed on their responsibilities. A total of 13 various academic competitions, including recitation & memorization of the Holy Quran, prayers, Qaseedah, religious knowledge, essay writing, conditions of Bai´at, speeches and many more were conducted for Lajna

Nasirat and Children

The Ijtema commenced on the morning of 5th August with the recitation of the Holy Quran, Lajna pledge, Nazm and opening remarks by National President Lajna Imaillah Finland. After which the competetions were started. Special focus was maintined on the videos of beloved Huzoor´s (MABHH) question and answer sessions on various topics which were shown after each competition to provide spiritual guidance to Lajna. Participants listened to the guidance very attentively and this initiative was very appreciated.

During the concluding session, after recitation and nazm, a presentation was made about the history of Lajna Ima´illah Finland. By the grace of Allah, on the occasion of the National Annual Ijtema, National President, Rehana Kokab Sahiba presented the first annual magazine of Lajna Ima´illah Finland, "Mubaraka". A heartfelt message filled with guidance and affaction was sent by Beloved Huzoor (MABHH) for Lajna Ima´illah Finland's first magazine "Mubaraka", which was included in the first issue of the magazine. This message was presented by the National President alongwith its English translation. All Lajna and Nasirat expressed great joy and happiness and thanked Allah for this blessing. Copies of the magazine "Mubaraka" were distributed in members.

At the end, the results of the competitions were announced and prizes were distributed to the members who secured positions. Furthermore, certificates were awarded to those Lajna who completed the targets of the 100 years jubilee celebration of Lajna Ima´illah. of meorising the last 15 ,10, or 25 Surahs of the Holy Quran.

By the grace of Allah, 98 participants were part of this seventh annual Ijtema from all the Majalis of Finland. May Allah make us act upon whatever we have learned from this Ijtema. Ameen.

# Results 7th Annual National Ijtema Lajna & Nasirat Finland 2023.

## Kids Competitoins

| Competitions | 5 to 6 years | 4 Years |
|---|---|---|
| Tilawat | **1st** Faraan Anwer<br>**2nd** Aaira Naseer<br>**3rd** Anas Ahmad | **1st** Aiza Naseer |
| Nazam | **1st** Dua Salmana Ijaz<br>**2nd** Faraan Anwer<br>**3rd** Anas Ahmad | **1st**Aiza Naseer |
| Dua | **1st** Aaira Naseer<br>**2nd** Hibba tul Noor<br>**3rd** Dua Salmana Ijaz & Faria Ahmad | **1st** Aiza<br>**2nd** Ikaan Ahmad<br>**3rd** Zonia Javed<br>Encouragemant Haim Javed |
| Deeni Maloomat | **1st** Faraan Anwer<br>**2nd** Hibba tul Noor<br>**3rd** Aiza Naseer | **1st** Aneeq Ahmad<br>**2nd** Zonia Javed<br>**3rd** Haim Ahmad<br>Encouragemant Aiza Ahmad |

## Nasirat Competitoins

| Competitoins | Mayar e Awal | Mayar e Doem | Mayar e Doem | Mayar e Doem 7 Years |
|---|---|---|---|---|
| Tilawat | **1st** Maria Zimal | **1st** Nida ur Reh-man | **1st** Ragheeba Qasim<br>**2nd** Dua Javed & Adeela Ahmad<br>**3rd** Aroosha Ghalib | **1st** Sadia Azka Rehman |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| Hifz e Quran | **1st** Maria Zimal | **1st** Nida ur Rehman | **1st** Ragheeba Qasim<br>**2nd** Adeela Ahmad<br>**3rd** Dua Javed | **1st** Sadia Azka Rehman |
| Hadees | **1st** Maria Zimal | **1st** Nida ur Rehman | **1st** Adeela Ahmad<br>**2nd** Zunairah Mashood | **1st** Sadia Azka Rehman |
| Competition Sharait e Bait | | **1st** Nida ur Rehman | **1st** Rageebha Qasim & Shafia Farooq & Adeela Ahmad | **1st** Sadia Azka Rehman |
| Deeni Maloomat | | **1st** Nida ur Rehman | **1st** Yashal Fatiha<br>**2nd** Shafia Farooq<br>**3rd** Adeela Ahmad | Encouragement Sadia Azka Rehman |
| Qaseeda | **1st** Maria Zimal | **1st** Nida ur Rehman | **1st** Adeela Ahmad<br>**2nd** Rageebha Qasim<br>**3rd** Zunairah Mashood | **1st** Sadia Azka Rehman |
| Urdu Speech | **1st** Maria Zimal | **1st** Nida ur Rehman | **1st** Rageebha Qasim<br>**2nd** Adeela Ahmad<br>**3rd** Yashal Fatiha | Encouragement Sadia Azka Rehman |
| Nazam | **1st** Maria Zimal | **1st** Nida ur Rehman | | |
| calligraphy | **1st** Maria Zimal | **1st** Nida ur Rehman | **1st** Adeela Ahmad<br>Rageebha Qasim<br>Zunairah Mashood<br>Yashal Fatiha<br>Shafia Farooq<br>Dua Javed<br>Tashifa Sharmeen<br>Aroosha Ghalib | **1st** Sadia Azka Rehman |

# Lajna Competitoins

| Competitoins | Mayar e Awal | Mayar e Doem |
|---|---|---|
| Tilawat | **1st** Syeda Qurratulain & Sibgha tul Noor<br>**2nd** Ayesha Mehmood<br>**3rd** Qurratulain Mudassir | **1st** Mehak Chaudhary<br>**2nd** Faiza Munir<br>**3rd** Arooba Naseem |
| Hifz | **1st** Qurratulain Mudassir<br>**2nd** Ayesha Mehmood<br>**3rd** Tahir Nasar | **1st** Mehak Chaudhary<br>**2nd** Munazza Zafar<br>**3rd** Arooba Naseem |
| Ayatul Qursi | 1st Qurratulain Mudassir<br>**2nd** Khalida Shameem<br>**3rd** Sibgha tul Noor | **1st** Mehak Chaudhary<br>**2nd** Faiza Munir<br>**3rd** Arooba Naseem |
| Nazam | **1st** Qurratulain Mudassir<br>**2nd** Sibgha tul Noor<br>**3rd** Durriya Munawar | **1st** Munazza Zafar<br>**2nd** Faiza Munir<br>**3rd** Arooba Naseem |
| Urdu Taqreer | **1st** Qurratulain Mudassir<br>**2nd** Khalida Shameem<br>**3rd** Saher Naseer | **1st** Mehak Chaudhary & Maria Furqan<br>**2nd** Arooba Naseem<br>**3rd** Sabeeha Rehman |
| Sharait e Bait | **1st** Tayyab Malik<br>**2nd** Qurratulain Mudassir<br>**3rd** Sibgha tul Noor | **1st** Najma Nayab<br>**2nd** Mehak Chaudhary<br>**3rd** Sabeeha Rehman |
| Prayers | **1st** Tahira Nasar<br>**2nd** Sahar Naseer<br>**3rd** Mubashra Yasmin | **1st** Najma Nayab<br>**2nd** Sabeeha Rehman<br>**3rd** Anmbareen Safdar |
| Qaseeda | **1st** Qurratulain Mudassir<br>**2nd** Syeda Qurratulain<br>**3rd** Sibgha tul Noor | **1st** Arooba Naseem<br>**2nd** Alishba Mubashir<br>**3rd** Najma Nayab |
| Names of Allah | **1st** Sahar Naseer & Qurratulain Mudassir<br>**2nd** Tahira Nasar<br>**3rd** Khalida Shameem | |

| | | |
|---|---|---|
| Deeni Maloomat | **1st** Qurratulain Mudassir<br>**2nd** Tayyab Malik<br>**3rd** Samina Furqan | **1st** Alishba Mubashir<br>**2nd** Najma Nayab<br>**3rd** Sabeeha Rehman |
| Filbadi Taqreer | **1st** Iffat Saeed<br>**2nd** Sana Sadiq<br>**3rd** Tahira Nasar | **1st** Faiza Munir<br>**2nd** Anmbareen Safdar<br>**3rd** Mehak Chaudhary |
| Mazmoon Naweesi | **1st** Rehana Nasreen<br>**2nd** Fizzah Iman<br>**3rd**Qurratulain Mudassir | |
| Bait Bazi | Wenner team Helsinki<br>Rehana Nasreen<br>Syeda Qurratulain<br>Kashifa Khalid<br>Munazza Zafar | Encouragement team Espoo<br>Arooba Naseem<br>Sana Sadiq<br>Qurratulain Mudassir<br>Ayesha Mehmood |
| Finnish Taqreer | **1st** Arooba Naseem<br>**2nd** Mehak Chaudhary<br>**3rd** Qurratulain Mudassir | |



# مینابازار2023










{Sunday}

